حضرت سید احمد شہید اور ان کی تحریکِ اصلاح و جہاد | مصنف: پروفیسر خلیق احمد نظامی

ناشر: دارِ عرفات دائرہ شاہ علم اللہ رائے بریلی (بھارت)
صفحات: ۴۴ سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۱۶}$ - قیمت درج نہیں۔

یہ پروفیسر خلیق احمد نظامی صاحب کا وہ مقالہ ہے جو انہوں نے حمد و مناجات کے موضوع پر منعقد ہونے والے ایک سیمینار میں پڑھا تھا۔ یہ سیمینار نومبر ۱۹۹۰ء میں رابطہ ادب اسلامی کے اہتمام اور محمد نانوتی تعلیمی سوسائٹی رائے بریلی بھارت کے زیرِ انتظام منعقد ہوا تھا۔

حضرت سید احمد شہید اور ان کی برپا کی ہوئی تحریکِ مجاہدین کے بارے میں بہت سی ضخیم کتابیں شائع ہو چکی ہیں، بہ لحاظ قامت ان کے مقابلے میں اس مقالے کو نہیں رکھا جا سکتا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جس جذبے اور جیسی جامعیت سے یہ مقالہ تحریر کیا گیا اس کا ایک مقام ہے، پروفیسر صاحب نے دریا کو کوزے میں بند تو کیا ہی ہے، لیکن اس کوزے کو علم کے پیاسوں کی پیاس بجھانے کی بہترین صفات عطا کر دی ہیں - اس کا مطالعہ کرتے ہوئے سید احمدؒ شہید اور ان کے رفقاء کی سیرت اور تحریکِ مجاہدین کے بہت سے نئے پہلو سامنے آتے ہیں۔ اس موضوع پر ان کا مطالعہ ایسا وسیع ہے کہ ان سے اس موضوع پر ایک مفصل کتاب لکھنے کی درخواست کرنے کو دل چاہتا ہے۔ نیز یہ درخواست بھی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ انہوں نے امروہہ کے شاہ محمد امین غازی کی مثنوی کے جس قلمی نسخے کا ذکر کیا ہے کہ ان کے کتب خانے میں محفوظ ہے، اسے ترجمے کے ساتھ شائع کرنے کا اہتمام کریں۔ الیسی چیزیں ملت کی امانت ہیں، انہیں عام ہونا چاہیے۔ (نظر زیدی)